05/04/2026

07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے -

خبروں کا بلیٹن لےکر میں **بلال وانی**

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں -

ہیڈ لائنز

*....... خواتین کو ریزرویشن فراہم کرنے سے متعلق قانون کے نفاذ کو یقینی بنانے کے لئے پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس میں تین دن کی توسیع // وزیر اعظم نریندر مودی -

*....... بھارت ایران سمیت 40 ممالک سے کر رہا ہے خام تیل در آمد -

*....... نئی دلی میں Sadhana Saptah کے تحت کئی پروگراموں کا آغاز // مرکزی وزیر اور ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کیا افتتاح۔

*....... آج منایا جا رہا ہے ایسٹر کا تہوار//قومی بحری دن آج -

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس میں تین دن کی توسیع کی گئی ہے تاکہ لوک سبھا اور ریاستوں کی اسمبلیوں میں خواتین کو 33 فیصد ریزرویشن فراہم کرنے سے متعلق قانون کو 2029 سے نافذ کیا جاسکے، جو 2023 میں مرتب کیا گیا تھا۔

میں ایک Thiruvalla کیرالم کے شہر چناو

---

ریلی سے خطاب کرتے ہوئے نریندر مودی نے کہا کہ سرکار نے بجٹ اجلاس میں توسیع کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور اب یہ اجلاس مزید تین دن 16 ، 17 اور 18 اپریل کو بھی ہوگا۔

پیٹرول گیس

پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے مرکزی وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے کہا ہے کہ بھارت/ ایران سمیت 40 سے زیادہ ملکوں سے خام تیل درآمد کر رہا ہے اور ایران سے خام تیل خریدنے میں ادائیگی کا کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر انہوں نے اُن اطلاعات اور سوشل میڈیا دعووں کو مسترد کر دیا، جن میں یہ کہا گیا تھا کہ ادائیگی کے مسئلے کی وجہ سے ایران کے خام تیل سے چین بھیج دیا گیا ہے۔ Vadinar کو بھارت میں Cargo کے

ڈاکٹر اعجاز ایوب

مغربی ایشیا میں جاری کشیدگی کے نتیجے میں دنیا کے بیشتر ممالک میں توانائی کے مصنوعات کی کمی محسوس کی جا رہی ہے ۔ بھارت کے مختلف حصوں کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں بھی اس بارے میں لوگوں کا ردِ عمل سامنے آیا ہے ۔

وادی کے ایک نامور ماہرِ اقتصادیات ڈاکٹر اعجاز ایوب کا کہنا ہے کہ بھارت موثر انداز میں اس صورتحال کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے ۔ آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا ۔

--(Byte)--

طارق احمد ڈار

مغربی ایشیاءمیں جا ری کشیدگی کے نتیجے مینکشمیر میں ہا تھ سے تیار کی جانے والی بیشتر مصنوعات کی بر آمدات بھی متاثر ہوئی ہےں۔ اس سلسلے میں وادی کے ایک معروف ہینڈی کرافٹس ایکسپورٹر طارق احمد ڈار نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

-----

جاوید احمد رانا

قبائلی امور کے وزیر جاوید احمد رانا نے آج راجوری ضلعے کے ڈونگی بلاک کے دورے کے دوران کہا کہ سرکار سرحدی اور دور افتادہ علاقوں میں عوام کے بنیادی مسائل کے ازالے کی وعدہ بند ہے ۔اس موقع پر قبائلی باشندوں نے مزید بنکر تعمیر کرانے کے علاوہ دیگر کئی مسائل وزیر موصوف کی نوٹس میں لائے۔

سپیکر ملاقات

جموں کشمیر کے سابق چیف سیکریٹری اور بھارتیہ دلِت ساہتیہ اکیڈمی کے صدر بی آر کُنڈل کی سربراہی میں آج اکیڈمی کے ایک وفد نے جموں میں قانون ساز اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر کے ساتھ ملاقات کی ۔ اس موقعہ پر بی آر کنڈل نے مہاراشٹرا سرکار کے محکمہ تعلیم کی کے عنوان سے 22 کتابیں اسمبلی "History of Dr. B.R Ambedkar" جانب سے شائع کی گئی لائبرری کے لئے پیش کیں ۔

جتیندر سنگھ

Sadhana سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے آج نئی دلی میں کے تحت کئی پروگراموں کا آغاز کیا ۔ ان میں سائنسدانونکے لیے ایڈمنسٹریٹو ،کپیسٹی Saptah پورٹل ،قومی سطح پر کرم یوگی کرتوہ کاری کرم کے لئے نقشہ راہ شامل ہیں - UNNATIبلڈنگ ،

اس موقع پر کپیسٹی بلڈنگ کمیشن اور ترقی پزیر ممالک کے ریسرچ انفارمیشن سسٹم کے مابین ایک مفاہمت نامے کا تبادلہ بھی کیا گیا۔

بل

بِل 2026 پاس کئے جانے پر سماج کے Amendment of Provisions پارلیمنٹ میں جن وِشواس مختلف طبقوں میں اطمینان کا اظہار کیا جا رہا ہے ۔ یہ بِل اپریل کی دو تاریخ کو پارلیمنٹ میں پاس کیا گیا جس کی رو سے 23 وزارتوں کے ذریعے عملائے جا رہے 79 مرکزی قوانین میں ترمیم کی گئی ہے ۔

درخشاں اندرابی

جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے جموں صوبے کے کِشتواڑ ضلعے میں واقع حضرت شاہ فرید الدینؒ اور شاہ اسرار الدینؒ کے انتظامی معاملات سے متعلق جموں کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے ۔ وقف بورڈ کی جانب سے جاری ایک پریس بیان کے مطابق ہائی کورٹ کے جج جسٹس سنجے دھر نے کہا ہے کہ یہ دونوں زیارت گاہیں کسی کی ذاتی ملکیت نہیں بلکہ وقف بورڈ کا اثاثہ ہیں ۔

ڈاکٹر اندرابی نے کہا ہے کہ عدالت عالیہ کے اس فیصلے سے ان زیارت گاہوں سے متعلق منفی تاثر پیدا کرنے والوں کی ہار ہوئی ہے ۔

غلام علی کھٹانہ

بی جے پی کے سینئر لیڈر اور راجیہ سبھا ممبر انجینئر غلام علی کھٹانہ نے آج بہار کے علاقے کے زہرا باغ میں واقع لڑکیوں کے لئے مخصوص ایک تعلیمی ادارے کا Basmatiya دورہ کیا ۔ انہوں نے وہاں زیر تعلیم بچیوں سے تلقین کی کہ وہ حصول تعلیم کے اصل مقاصد کو سمجھ کر اپنے مستقبل کو تابناک بنانے پر دھیان دیں ۔

ڈاکٹر زبیر سلیم

بزرگوں کو عموماًکئی طرح کے طبی مسائل مثلاً وزن یا جسم میں خون کا کم ہونا وغیرہ کا سامنا رہتا ہے ۔ اس طرح کی مختلف علامات کے بارے میں معروف معالج اور بزرگوں کے طبی مسائل کے ماہر ڈاکٹر اور معزز شہریوں کے لئے کام کرنے والی سرکار کے ساتھ رجسٹر شدہ غیر سرکاری تنظیم مول موج فاونڈیشن کے بانی چیر مین ڈاکٹر زبیر سلیم نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبر یںآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منز لیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس Radiokashmir@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں ۔

ہمارے علاقائی نیوز بلیٹن اور پروگرام یوٹیوب ، ایکس اور انسٹاگرام پر بھی دستیاب ہیں ۔

ایسٹر ڈے

آج ایسٹر ہے۔ اس موقعے پر گرجا گھروں میں خصوصی دعائیہ مجالس کا اہتمام ہوا۔ یہ دن عیسائی عقیدے کے مطابق حضرت عیسیٰ مسیح ؑ کے صلیب پر چڑھائے جانے کے تین دن بعد ان کے دوبارہ دنیا میں آنے کی خوشی میں منایا جاتا ہے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر سی پی رادھا کرشنن ،وزیر اعظم نریندر مودی اورلیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے ایسٹر کے موقعے پر عوام کو مبارکباد پیش کی ہے ۔

نے آکاشوانی نیوز Father Thains Raj بٹھنڈا پنجاب کے Catholic Church ایسٹر کے موقعہ پر سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے اپنے پیغام میں کہا ۔

بحری دن

آج قومی بحری دن منایا جا رہا ہے ۔ اس موقعہ پر وزیر داخلہ امت شاہ نے بھارت کے بحری شعبے کے اہلکاروں کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر امت شاہ نے کہا کہ بحری فوج کے اہلکاروں نے اپنی پیشہ ورانہ صلاحیت اور دلیری سے ملک کی ترقی میں اہم رول ادا کیا ہے۔

ویبنار

جموں اینڈ کشمیر سٹیٹ سینٹر Institution of Engineers India قومی بحری دن کے موقعہ پر کے اہتمام سے سرینگر میں ایک ویبنار کا انعقاد ہوا ۔ " Maritime India- Empowering Progress " کے عنوان سے منعقدہ اس ویبنار سے خطاب کرتے ہوئے سینٹر کے چیر مین انجینئر فردوس احد بٹ نے کہا کہ بھارتی بحریہ تجارت اور اقتصادیات کے علاوہ دیگر کئی شعبوں میں اہم رول ادا کرتا ہے ۔

مصنوعی ذہانت

مصنوعی ذہانت زندگی کے مختلف شعبوں پر اپنے اثرات مرتب کر رہی ہے۔ مصنوعی ذہانت کی اہمیت کے تعلق سے بھارت میں حالیہ دنوں ایک بین الاقوامی کانفرنس منعقد ہوئی جس میں کئی ممالک کے نمائندوں نے شرکت کر کے آرٹیفشل انٹیلی جنس کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا۔

اس بارے میں ویژن ڈیجیٹل انڈیا بنگلورو کے بانی چیرمین ڈاکٹر ہری کرشن مارم نے آکاشوانی نیو زسرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

Apple Valley

وادی کے بیشتر علاقوں میں سیب کے باغات میں باغبانی سرگرمیوں کا آغاز ہوا ہے ۔ اننت ناگ سے ہمارے نمائندے تصدق رشید نے اطلاع دی ہے کہ کھنہ بل پہلگام تک کی سڑک پر قائم Apple Valley کی سیر کر کے سیاح قدرتی نظاروں سے محظوظ ہو رہے ہیں ۔ کئی سیاحوں نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے اپنے جذبات کا اظہار کچھ اس طرح کیا ۔

-

شوکت احمد میر

نیشنل کانفرنس کے صوبائی صدر کشمیر ایڈوکیٹ شوکت احمد میر نے کہا ہے کہ نیشنل کانفرنس عوام کے جذبات کی نمائندہ جماعت ہے اور اس جماعت نے ہمیشہ لوگوں کی راحت رسانی کے لئے کام کیا ہے ۔

وحید الرحمن پرہ

پی ڈی پی کے سینئر لیڈر ڈاکٹر محبوب بیگ نے ممبر اسمبلی وحید الرحمن پرہ پر بقول ان کے حزب اقتدار سے وابستہ ایک لیڈر کی جانب سے جاری اسمبلی سیشن کے دوران اختیار کئے گئے رویے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اس اقدام کو نا مناسب قرار دیا ہے ۔انہوں نے کہا کہ جمہوریت //خیالات کے تبادلے کا دوسرا نام ہے اور اگر خیالات میں اختلافات پائے جائیں تو اس کا جواب بھی جمہوری انداز میں ہی دیا جانا چاہئے تھا ۔

پارٹی کے ایک اور لیڈر زہیب یوسف میر نے بھی کل قانون ساز اسمبلی میں پیش آئے واقعے پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اس دوران نیشنل کانفرنس نے اسمبلی ایوان میں ایم ایل اے وحید الرحمن پرہ کے رویے کو غیر جمہوری قرار دیا ہے۔

کشمیر ، جموں اور لداخ صوبوں سے وابستہ پارٹی لیڈران اور دیگر ممبران کی جانب سے منعقدہ ایک مشترکہ اجلاس میں اسمبلی سپیکر عبدالرحیم راتھر سے استدعا کی گئی ہے کہ وہ وحید الرحمان پرہ کے غلط رویے پر ان سے جواب طلبی کریں ۔

غلام نبی لون ہانجورہ

pdp کے جنرل سیکریٹری ایڈوکیٹ غلام نبی لون ہانجورہ نے الزام عائد کیا ہے کہ سرکار ہر محاذ پر ناکام ہو گئی ہے ۔ چرار شریف بڈگام میں پارٹی کارکنوں کے کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے ورکروں سے تلقین کی کہ وہ لوگوں کی راحت رسانی کے لئے کام کریں ۔

JDU

جنتا دل یونائٹڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے شمالی کشمیر کے بارہمولہ ضلعے میں تاپر - بابا ریشی روڑ کی تعمیر و تجدید کو پسِ پُشت ڈالنے پر سخت ناراضگی کا اظہار کیا ہے ۔ انہوں نے کہا ہے کہ یہ سڑک مختلف اعتبار سے انتہائی اہمیت کی حامل ہے ۔

جموں پولیس

دیپک شرما PSI جموں صوبے کے ادھمپور ضلعے میں پولیس کے اہتمام سے منعقد کیا گیا شہید میموریل سپورٹس ٹورنامنٹ اختتام پذیر ہو گیا ہے ۔ اختتامی تقریب پر ادھمپور ریاسی رینج کی DIG سارا رضوی نے مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شرکت کرکے ٹورنامنٹ کے فاتحین میں انعامات تقسیم کئے ۔

جموں میں پولیس نے میراں صاحب علاقے میں ساحل چودھری نامی ڈرگ سمگلر کو گرفتار کیا ہے ۔

راجوری میں پولیس نے قدیر احمد اور محمد رزاق نامی دو ڈرگ سمگلروں کی گرفتاری عمل میں لائی ہے ۔

ادھمپور میں پولیس نے سوپور کے رہنے والے حاطف مشتاق کو منشیات سمیت گرفتار کیا ہے ۔

پونچھ میں بھی اسی طرح کی ایک کاروائی میں افتخار حسین نامی ایک شخص کی گرفتاری عمل میں لائی گئی ہے ۔

کشمیر پولیس

کشمیر صوبے میں منشیات کے کاروبار کے خلاف جاوی کاروائیوں کے دوران پولیس نے سوپور میں عاشق حسین شالہ اور صمیم جاوید شاہ نامی منشیات فروشوں کو گرفتار کیا ہے ۔

شوپیان میں پولیس کے اہتمام سے منشیات مخالف ریلی کا اہتمام کیا گیا ۔ جبکہ پولیس نے ضلعے کے زینہ پورہ علاقے میں خورشید احمد ایتو نامی ڈرگ سمگلر کی جائیداد سربہ مہر کی ۔

پلوامہ میں پولیس نے وِکاس احمد لون نامی ڈرگ سمگلر کی گرفتاری عمل میں لائی ۔

تعزیت

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ ، نائب صدر اوروزیر اعلیٰ عمر عبداللہ ، پارٹی کے کئی لیڈروں اور جمعیت ہمدانیہ کے سربراہ مولوی ریاض احمد ہمدانی نے وادی کے معروف علمی گھرانے سے تعلق رکھنے والے محمد مقیم عاصمی کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ انہوں نے مرحوم کے لواحقین اور مفتی اعظم جموں کشمیر مفتی ناصر الاسلام کے ساتھ تعزیت ظاہر کی ہے ۔ مرحوم عاصمی مفتی اعظم جموں کشمیر کے قریبی رشتہ دار تھے ۔

انتقال

جموں کشمیر اکیڈمی آف آرٹ کلچر اینڈ LANGUAGES میں گوجری شعبے کے ایڈیٹر جاوید راہی کے والد بابو نور محمد نور کے انتقال پر سماج کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والے افرادا

ور انجمنوں نے دکھ کا اظہار کیا ہے ۔ گوجری مجلس ادب ترال نے جاوید راہی کے ساتھ ہمدردی ظاہر کرتے ہوئے مرحوم کے حق میں جنت نشینی کے لئے دعا کی ہے ۔

ناظم تعلیم

ناظم تعلیم کشمیر نصیر احمد وانی نے آج محکمے کے افسران کی ایک میٹنگ میں وادی کے مختلف علاقوں میں سکول عمارتوں اور ڈائریکٹوریٹ آفس میں کانفرنس ہال کے تعمیر پر جاری کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے زیرِ تعمیر سکولوں میں بیت الخلاءبنانے کے علاوہ پینے کے پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کی ہدایت دی ۔

BOPEE

کے اہتمام سے آج تعلیمی سال Entrance Examinations جموں و کشمیر بورڈ آف پروفیشنل Entrance کورسز میں داخلے کے لئے کامن 27-2026 Diploma Paramedical کے لئے ٹیسٹ منعقد کئے گئے ۔ اس سلسلے میں سرینگر ، بارہمولہ ، اننت ناگ ، ڈوڈہ ، راجوری ، جموں اور لیہہ اضلاع میں امتحانی مراکز قائم کئے گئے تھے ۔ 1 ہزار 591 درخواست دہندگان میں سے ایک ہزار 216 امیدوار ان امتحانات میں شریک ہوئے ۔

IGNOU

اندرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی کا 39 واں سالانہ کنووکیشن اپریل کی سات تاریخ کو نئی دلی میں منعقد ہو رہا ہے جس میں نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شرکت کریں گے ۔ یونیورسٹی کے مختلف علاقائی مراکز میں بھی کنووکیشن کے سلسلے میں تقریبات منعقد ہوں گی ۔ سرینگر کے علاقائی مرکز کے اہتمام سے گورنمنٹ ڈینٹل کالج سرینگر میں ایک تقریب منعقد ہو رہی ہے ۔

ادبی کانفرنس

ساگر کلچرل فورم کے اہتمام سے آج بایز ہائر سیکنڈری سکول بارہمولہ میں ،”اسی چھ کآشری ۔ کآشرس لولا برو“ عنوان کے تحت ایک ادبی کانفرنس منعقد ہوئی ۔تقریب میں ساگر کلچرل فورم کے صدر بشیر زوگیاری، سرپرست ساگر نظیر اور مذکورہ سکول کے پرنسپل ڈاکٹر شمیم احمد بھی موجود تھے ۔ مقررین نے کشمیر زبان کو ہر سطح پر فروغ دینے کا سرکار سے مطالبہ کیا ۔

سطح آب

وادی میں پچھلے چند دنوں کی بارشوں کی وجہ سے دریاؤں اور ندی نالوں میں بھی پانی کی سطح میں اضافہ ہوا ہے ۔آبپاشی و فلڈ کنٹرول محکمے کی طرف سے جاری اعدادو شمار کے مطابق آج صبح نو بجے دریائے جہلم میں سنگم کے مقام پر پانی کی سطح 6 اعشاریہ پانچ چھ فٹ، رام منشی باغ سرینگر میں 10 اعشاریہ پانچ چھ فٹ ، ولر میں ایک ہزار 5 سو 74 اعشاریہ 2 صفر میٹر ، کھڈونی میں ویشو نالہ میں 4 اعشاریہ صفر نو میٹر جبکہ دریائے سندھ میں دُددرہامہ کے مقام پر صفر اعشاریہ پانچ آٹھ میٹر ریکارڈ کی گئی۔

بارش

محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ کل یعنی 6 اپریل کو موسم عمومی طور بہتر رہے گا البتہ 7 سے 10 اپریل تک میدانی علاقوں میں بارش اور پہاڑی علاقوں مینہلکی برف باری کا امکان ہے۔ تازہ موسمی صورتحال کے حوالے سے جب آکاشوانی نیوز سرینگر نے محکمہ موسمیات کے ڈائر یکٹر،ڈاکٹر مختار احمد سے بات کی تو انہوننے کہا۔

------Dr.Mukhtar-----

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے 24گھنٹوں کے دوران جموں کشمیر میں کہیں کہیں ہلکی بارش ہونے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت17 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 7 اعشاریہ 6 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 28 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 14 اعشاریہ8 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر 12 منٹ اور غروب آفتاب شام6 بجکر55منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر

کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ۔